AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 11-10-2026
Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

پی ایم دورہ

وزیر اعظم نریندر مودی آج چنئی کا دورہ کررہے ہیں جہاں وہ **13** ہزار کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔دورے کے دوران وہ **Poonamallee** اور **Vadapalani** کے درمیان ساڑھے **14** کلومیٹر لمبی میٹرو ریل سروس کا افتتاح کررہے ہیں۔وزیراعظم ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پانچ امرت بھارت اسٹیشوں کا بھی افتتاح کررہے ہیں۔

وزیراعظم **Porur** سے **Poonamallee** تک میٹرو ریل کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرکے اس میں سفر بھی کریں گے۔اس کے بعد وزیراعظم **IIT** مدراس میں برین سینٹر کا بھی دورہ کررہے ہیں۔

ایل جی GCC

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں، بہتر بنیادی ڈھانچے، سرمایہ کاری موافق پالیسیوں اور اختراعی ماحول کی بدولت جموں وکشمیر عالمی صلاحیتی مرکز (جی سی سی) کے ایک اہم مقام کے طور پر ابھرنے کیلئے تیار ہے۔انہوں نے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون، ہنرمندی کے فروغ اور جامع ترقی پر زور دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ جی سی سی آنے والی دہائی میں خطے کی صنعتی معیشت کا اہم ستون بنیں گے۔

وہ جموں میں منعقدہ دو روزہ جموں وکشمیر گلوبل کیپبلٹی سینٹرز سمٹ 2026 کے اختتامی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں خطے میں بنیادی ڈھانچے، رابطوں، صنعتی سرمایہ کاری اور اسٹارٹ اَپ نظام میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔

ایل جی نے کہا کہ جموں وکشمیر میں اسٹارٹ اَپس کی تعداد 2020 میں 69 سے بڑھ کر اب 1305 ہوگئی ہے۔

سی ایم

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ تعلیم کے شعبے میں ایک بامعنیٰ اور مثبت تبدیلی لانے کیلئے حکومتوں، اداروں اور عوام کو جامع کوششیں کرنی چاہئیں تاکہ پُر اعتماد، باصلاحیت اور ذمہ دار شہری مستقبل کیلئے تیار ہوسکیں۔

انہوں نے کہا کہ صحیح تعلیم کا مطلب بچوں میں حساس سوچ اور ذمہ داری کا جذبہ پیدا کرنا اور انہیں ڈیجیٹل لیٹریسی سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

وہ نئی دلی میں اسکول لیڈر آف دی ایئر **2026** سمٹ اور ایوارڈس تقریب میں اظہار خیال کررہے تھے۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ کھیل طلبا میں نظم وضبط، اعتماد اور ذمہ داری کا جزبہ پیدا کرتے ہیں اس لئے سرکار کھیل کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے۔

ان خیالات کا اظہار وزیر موصوفہ نے گورنمنٹ ڈگری کالج فرصل کولگام میں لگ بھگ **2** کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کئے گئے ملٹی پرپز انڈور سپورٹس ہال کا افتتاح کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کالج انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ طلبا کو کھیل سرگرمیوں میں حصہ لینے کے زیادہ سے زیادہ مواقعے فراہم کریں۔

وزیر موصوفہ کے ہمراہ ایم ایل اے دیوسر پیرزادہ فیروز احمد شاہ بھی موجود تھے۔

نوراترا

نوراتری کا تہوار آج سے شروع ہورہا ہے، ہندو مذہب میں نوراتری کو خصوصی اہمیت حاصل ہے اور اس دوران دیوی درگا کی پوجا کی جاتی ہے۔ یہ تہوار برائی پر اچھائی، ناانصافی پر حق اور اندھیرے پر روشنی کی فتح کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ دیوی درگا ان پوتر دنوں میں ملک کیلئے خوشحالی، امن واستحکام اور تندرستی لے کر آئے۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نوراتری کے موقع پر جموں وکشمیر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں لیفٹیننٹ گورنر نے دعا کی کہ یہ تہوار سبھی کی زندگیوں میں بہتر صحت، خوشحالی اور امن وسکون کا سبب بنے۔

امتحان

جموں کشمیر سروسز سلیکشن بورڈ نے **FMPHW** اور **MMPHW** کی آسامیوں کے لئے آج منعقد ہونے والے تحریری امتحان کے وقت میں تبدیلی کی ہے۔ بورڈ کے مطابق یہ امتحان آج دوپہر **12** بجے منعقد ہونا تھا، تاہم جموں ضلعے میں خراب موسمی حالات کے پیش نظر اب یہ امتحان دوپہر ایک بجے منعقد ہوگا۔

وقف بورڈ

جموں و کشمیر وقف بورڈ نے خطباتِ جمعہ کے مشترکہ موضوعات کی نشاندہی اور حتمی شکل دینے کی غرض سے مفتیان، ائمہ حضرات اور خطیبوں پر مشتمل ایک کور کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ بورڈ کے مرکزی دفتر واقع سونہ وار سرینگر میں منعقدہ علمائے دین کے ایک اجلاس میں لیا گیا۔ اس موقعہ پر بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا کہ یہ فیصلہ علمائے دین کے درمیان تال میل معاشرے میں تعمیری پیغام اور اتحاد کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگا۔

ڈی سی کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے منی سیکریٹریٹ کولگام میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ویشو میلہ 2026 کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو تمام سہولیات بروقت فراہم کرنے، مقامی مصنوعات اور دستکاری کے اسٹال قائم کرنے کی ہدایت دی۔

میلے کے ذریعے ضلع کے ثقافتی ورثے، ادب، فنون، مقامی پکوان اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے پر بھی زور دیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔ خدا حافظ